SET-4

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 258**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **7** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **25** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# ہوم سائنس (تھیوری)

# HOME SCIENCE (Theory)

## (Urdu Version)

مقررہ وقت : ۳ گھنٹے کل نمبر : ۷۰

*Time allowed : 3 hours* *Maximum Marks : 70*

## عام ہدایات:

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) سوالوں کی مجموعی تعداد 25 ہے۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 6 تک کا ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب ایک یا دو لائینوں میں دیجیے۔

(iv) سوال نمبر 7 سے 13 تک کا ہر سوال 2 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 10 سے 20 لفظوں میں دیجیے۔

(v) سوال نمبر 14 سے 15 ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 20 سے 30 لفظوں میں دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 16 سے 21 تک کا ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 40 لفظوں میں دیجیے۔

(vii) سوال نمبر 22 سے 25 ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 50 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔

(viii) مثالوں کی مدد سے اپنے جواب لکھیے جن سوالوں میں مثالیں دینا ضروری ہیں۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

1۔ اسکول جانے والے بچے کی خوراک میں ضرورت سے زیادہ تربتر چکنائی اور ضرورت سے زیادہ چینی کا استعمال کیوں حد میں کرنا چاہیے۔ 1

2۔ اپنی ہم جماعت کے بہت زیادہ ڈپریشن کے لیے دو ممکن اسباب دیں۔ 1

3۔ اپنی چھوٹی بہن کو بچت کے دو فائدے بتائیے۔ 1

4۔ فیملی کے لیے خوراک کا منصوبہ بنانے میں کھانے کے گروپوں (Food groups) کا استعمال کرتے وقت آپ کن دو نقطوں کو اختیار کریں گے؟۔ 1

5۔ دو طریقے لکھیے جن کے ذریعے آپ فیملی کی آمدنی کو بڑھا سکتے ہیں۔ 1

6۔ پانی کو محفوظ بنانے کے لیے ریورس اوس موسیز (Reverse osmosis) سسٹم کا استعمال کرنے کے دو فائدے بتائیے۔ 1

7۔ چار طریقے بتائیے جس میں ایک فیملی ایک نو بلوغیت کی شخصیت کو شکل دینے میں مدد کر سکتی ہے۔ 2

8۔ ''ترقی ملٹی ڈائرکشنل (Multidirectional) ہے''۔ دو مثالوں کے ساتھ اس قول کو بیان کیجیے۔ 2

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**9۔** ڈبونے اور سپنجنگ (Sponging) کے عمل سے آپ دھبّے کو کس طرح ہٹائیں گے۔ 2

**10۔** ان دو غذائیت والی چیزوں کے نام بتائیے جن کی مقدار بخار میں بڑھا دینے کی ضرورت ہے ، سمجھائیے۔اور کیوں ؟۔ 2

**11۔** چار سرگرمیوں کی فہرست بنائیے جوڈی ڈبلیوسی آر اے(DWCRA)، کے پروگرام کے تحت لی گئی ہیں۔ 2

**12۔** ہوم سائنس کے طالب علم کو کون سی چار مہارتوں کی ضرورت ہے جن سے وہ اپنے گھر میں بیکری چلا سکے؟۔ 2

**13۔** اپنی ماں کو کوئی چار احتیاطیں بتائیے جو وہ اپنا بلیزر (Blazer) اسٹور کرتے وقت کام میں لیں۔ 2

**14۔** آپ کی ماں جن کو قبض کی شکایت ہے۔ان کے دیے گئے مینیو میں کوئی دو تبدیلیاں کریں اس کے اسباب بھی بتائیں : 3

- کڑھی پکوڑا
- زیرہ چاول
- سوکھی مٹر آلو کی سبزی

ان کے لیے کھانے کا منصوبہ بناتے وقت آپ کن دو پرہیزی غذا سفارشوں کو اختیار کریں گے ؟۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

15۔ اپنے والد کو صارف تحفظ فورم (Consumer Protection Forum) میں ایک شکایت درج کرنے کے عمل کو سمجھائیے۔ جو حال ہی میں ایک پنساری کی دکان کے دکاندار کے ذریعے ٹھگے گئے تھے۔ 3

16۔ کسی بھی چار ایسے عوامل کی فہرست بنائیے جن پر ایک کچن (باورچی خانے) کا ماحول منحصر ہوتا ہے۔ کچن میں کیڑے دور کرنے کے لیے آپ کی ماں کو کون سی چار احتیاطیں برتنی چاہئیں۔ 4

17۔ جارحیت (Aggression) (جھگڑے میں پہل کرنا) آج کے نوجوانوں میں بہت عام ہے۔ اس کے کوئی چار ممکن اسباب بتائیے۔ اور غصّے کو قابو میں کرنے کے چار طریقے بیان کیجیے۔ 4

18۔ کسی بھی بیمہ اسکیم میں پیسہ لگانے کے (سرمایہ کاری کرنے) کوئی چھ فائدے اور دو کمیوں کو بیان کیجیے۔ 4

19۔ آپکو سردی میں پہننے کے لیے ایک پارٹی ڈریس خریدنی ہے۔ آپ کس طرح کا کپڑا پسند کریں گی اور کیوں ؟ اپنی ڈریس خریدتے وقت آپ کن چھ:اور باتوں کو دھیان میں رکھیں گی ؟۔ 4

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**20۔** آپ کی بہن جو لمبی اور پتلی ہے۔اس کے لیے آپ کو کُرتی ڈیزائین کرنی ہے۔اپنے دل میں ڈیزائین کے سبھی عناصر کو دھیان میں رکھتے ہوئے وہ چار نقطے جو آپ اپنائیں گے اور چار نقطے جن سے آپ بچیں گے۔ان کو بیان کیجیے۔ 4

**21۔** معیاری مارک (Standardization Marks) کیا ہوتے ہیں؟اور وہ کس لیے اہم ہیں؟ایکو فرینڈلی مارک کا ایک لوگو بنائیے۔اور ان دو اشیاء کا نام دیجیے جن پر آپ اس مارک کو ڈھونڈتے ہیں۔ 4

**22۔** مثال دیتے ہوئے کپڑے کے چناؤ( انتخاب ) کے پانچ عوامل بیان کیجیے۔ 5

**23۔** گاہک کو موجودہ مارکیٹ میں جھیلنے والی چار مصیبتوں کی فہرست بنائیے۔گاہک کی مصیبتوں کو حل کرنے کے لیے کوئی چھ:مشورے دیجیے۔ 5

**24۔** نوبلوغیت میں تین ادراکی تبدیلیوں کو بیان کیجیے۔نوبلوغیت سکی پہچان پر ان تبدیلیوں کے اثرات کا تجزیہ کیجیے۔ 5

www.careerindia.com

CAREERINDIA

25۔ آپ نے مقامی بیچنے والے سے کالی مرچ اور دھنیہ پاوڈر خریدا ہے۔ دونوں میں ممکنہ ایک ایک ملاوٹ کا نام لکھیے۔ ان ملاوٹوں کے موجود ہونے کی جانچ کس طرح کریں گے ؟۔ مسالے اور بوٹیاں خریدتے وقت آپ کون سی چار احتیاطیں برتنا چاہیں گے؟۔ $1+2+2=5$

www.careerindia.com